نوٹس

کمپیوٹر سائنس

کلاس 7th

گورنمنٹ ہائی سکول سواوئ بونیر

Prepared by:

MR. IQBAL AHMAD SST-IT

BCS (University of Peshawar)

Business App. Developer (Directorate of IT Peshawar)

Android App Development (Baserythm Peshawar)

AWS architect (KPITB Peshawar)

For feedback , suggestions and improvments:

iqbalahmaddg@gmail.com /iqbalSoftwareDeveloper

To download Notes, visit:

www.iqbalahmadcs.com

مختصر جواب دیں۔

سوال 1: سسٹم یونٹ کیا ہے؟

جواب: سسٹم یونٹ کمپیوٹر کا وہ ڈبا ہے جس میں تمام الیکٹرانک اشیاء جیسا کہ مدر بورڈ، پاور سپلائی، RAM, ROM, CPU، ہارڈ ڈسک ڈرائیو، آپٹیکل ڈرائیو، وغیرہ موجود ہوتے ہیں۔

سوال 2: کمپیوٹر کی بلاک ڈائیگرام بنائیں۔

جواب:



سوال 3: کسی بھی دو پورٹوں کے استعمال کے بارے میں بتائیں جو بیرونی آلات کو جوڑنے کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔

جواب: USB PORT: اس پورٹ کے ذریعے مختلف ڈیوائسز جیسا کہ ماوس، کی بورڈ، پرنٹر وغیرہ سسٹم سے CONNECT ہو سکتے ہیں۔

VGA PORT: اس پورٹ کے ذریعے ڈسپلے سکرین یا پراجیکٹر کمپیوٹر کے ساتھ CONNECT کیا جاتا ہے۔

سوال 4: مصنوعی ذہانت کیا ہے؟

جواب: کمپیوٹر یا مشین میں ایسی صلاحیت کی وہ انسانوں کی طرح سوچ اور سمجھ رکھے اور اس بناء پر فیصلہ سازی کر سکے، مصنوعی ذہانت کہلاتی ہے۔

سوال 5: RAM اور ROM کے درمیان فرق بیان کریں۔

RAM:

- ریم ایک عارضی میموری ہے۔
- اس میں موجود ڈیٹا میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔
- اس میں آپریٹنگ سسٹم اور اور چلنے والے پروگرامز کا ڈیٹا ہوتا ہے۔

ROM:

- روم مستقل میموری ہے۔
- اس میں موجود ڈیٹا کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
- اس میں BIOS اور POST کا ڈیٹا ہوتا ہے۔

سوال 6: روبوٹ کس قسم کے کام سرانجام دے سکتے ہیں؟

واب: روبوٹس مختلف قسم کے کام سرانجام دے سکتے ہیں۔ مثلاً:

1) انڈسٹریز میں گاڑیاں اور مشینری بنانے کے لیے۔ 2) خلائی تجربات اور معلومات کے لیے

3) گھریلو کام کے لیے جیسا کی فرش کی آٹومیٹک صفائی 4) سمندر میں ڈوبے شپس کے سراغ لگانے کے لیے 5) بموں کو ڈسپوز کرنے کے لیے وغیرہ

سوال 7: مثالوں کی مدد سے اضافی آلات (پیری فیرلز) کی تعریف کریں۔

جواب: کمپیوٹر سسٹم کے اضافی آلات کو Peripherals کہا جاتا ہے۔ یہ آلات مختلف قسم کے انپٹ یا آوٹ پٹ کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثلاً ماوس، کی بورڈ، سکرین، پرنٹر یا کیمرہ وغیرہ۔

سوال8: سکینر کا استعمال لکھیں۔

جواب: سکینر ایک انپٹ ڈیوائس ہے۔ اس کے ذریعے ہم کاغذ پر پرنٹ شدہ ٹیکسٹ یا تصاویر سکین کر کے کمپیوٹر میں محفوظ کر سکتے ہیں۔ یہ ایک ڈیجیٹل امیج ہوتی ہے جس کو ہم ایڈٹ بھی کر سکتے ہیں۔

سوال9: ملٹی میڈیا پروجیکٹر استعمال کرنے کا مقصد کیا ہے؟

جواب: ملٹی میڈیا پروجیکٹر ایک آوٹ پٹ ڈیوائس ہے جو کہ کمپیوٹر سے گرافکس اور ویڈیو کو ایک بڑے دیوار یا پردے پر لائٹ کی مدد سے بڑا کر کے دکھاتا ہے۔ اس لیے تاکہ ایک بڑا ہجوم اس کو دیکھ سکے۔

سوال10: سرور اور کلائنٹ کے درمیان فرق واضح کریں۔

جواب:

سرور کسی نیٹ ورک میں ایک پاور فل کمپیوٹر ہوتا ہے جو کہ دوسرے کمپیوٹرز کے ساتھ فائلز، پرنٹر اور انٹرنیٹ جیسے سروسز شیئر کرتا ہے۔

کلائینٹ: ایک ایسا کمپیوٹر ہے جو کہ اپنے کاموں کے لیے سرور پر انحصار رکھتا ہے۔ یہ سرور کو ریکوسٹ کرتا ہے اور سرور اس کو متعلقہ فائل یا سروس فراہم کرتا ہے۔

مختصر جواب دیں:

1: "ورڈ پروسیسر" اصطلاح کی وضاحت کریں۔ ورڈ پروسیسر پروگراموں کی چند مثالیں دیں۔

جواب: ورڈ پروسیسر ایک ایپلیکیشن سافٹ ویئر ہے جس کے ذریعے ڈاکومنٹس تیار، فارمیٹ اور ایڈیٹ کی جاتی ہے۔ اس کی کچھ مثالیں یہ ہیں:

Micro soft word , Apple iWork, Google Docs, Libre Office

2: مائیکروسافٹ ورڈ میں سکرین دیکھنے کے تین طریقے بتائیں۔

جواب: ڈاکومنٹ دیکھنے کے تین طریقے یہ ہیں:

Read Mode: پڑھنے کے لیے۔

Print Layout: اس میں ہم ڈاکومنٹ کو پرنٹ کی غرض سے بناتے ہیں۔

Web Layout: ویب سایٹ کے لیئے پیج بنانا۔

3: مائیکروسافٹ ورڈ کے "Insert" ٹیب میں دستیاب تین insert آپشنز کا مقصد لکھیں۔

جواب: INSERT ٹیب کے تین آپشنز یہ ہیں:

Table: اس کے ذریعے ہم اپنے ڈاکومٹ میں ٹیبل لگاتے ہیں۔

Header and Foooter: اس آپشن کے ذریعے ہم ہیڈر اور فوٹر لگاتے ہیں۔

Page number: اس کے ذریعے ہم پیج نمبر لگاتے ہیں۔

4: ملٹی میڈیا پریزینٹیشن کا مقصد لکھیں۔

جواب: ملٹی میڈیا پریزینٹیشن: کسی بھی ٹاپک یا مضمون کے بارے میں معلوماتی مواد اکٹھا کر کے لوگوں کے سامنے ایک اچھے انداز میں بذریعہ کمپیوٹر سکرین پیش کرنے کو پریزینٹیشن کہتے ہیں۔

5: اصطلاحات 'Slide' اور 'Slide Show' کے درمیان فرق بیان کریں۔

جواب: 1) **سلائیڈ:** پاور پوائنٹ پریزینٹیشن سکرینز کے مجموعے سے ملکر بنتا ہے، ایک سکرین کو سلائیڈ کہتے ہیں۔

سلائیڈ شو: مکمل سکرین پر پریزینٹیشن دکھانے کو سلائیڈ شو کہا جاتا ہے۔

6: پریزینٹیشن میں تصویر کو Background effect کے طور پر شامل کرنے کا طریقہ کار لکھیں،

جواب: سلائیڈ پر پس منظر میں تصویر ڈالنے کے مراحل یہ ہیں: سب سے پہلے مینیو بار میں Design پر کلک کریں۔ پھر Format Background پر کلک کریں اور دایئں طرف ظاہر ہونے والے پینل میں Picture or Texture سیلیکٹ کریں۔ فائل پر کلک کر کے اپنی مرضی کا تصویر منتخب کریں۔

7: پریزینٹیشن میں نئی سلائیڈ شامل کرنے کے مراحل کا خاکہ بنائیں۔

جواب: ہوم ٹیب میں New slide پر کلک کریں۔ اور اپنی مرضی کا لے آوٹ منتخب کریں۔



8: ای میل اصطلاح کی وضاحت کریں اور ای میل ایڈرس کا استعمال لکھیں۔

جواب: ای میل کا مطلب ہے الیکٹرانک میل یعنی انٹرنیت کے ذریعے ایک دوسرے کو پیغامات اور فائل بھیجنا۔

ای میل ایڈرس کسی بھی فرد کی ایک شناخت ہوتی ہے جس کے ذریعے اسے ای میل بھیجا جاسکتا ہے۔ مثلا

iqbalahmaddg@gmail.com

9:ای میل تحریر کرنے میں استعمال ہونے والے درج ذیل اختیارات میں سے کوئی سے دو کی وضاحت کریں۔

جواب:

To میں اس بندے کا ایڈرس لکھے جس کو ای میل بھیجنا مقصود ہو۔

CC:اگر مزید لوگوں کو ای میل بھیجنی ہو تو انکے ایڈرس cc میں لکھیں۔

BCC:اگر خفیہ طور پر کسی کو یہی ای میل بھیجنا ہو تو ان کے ایڈرسBcc میں لکھیں۔

Signature:ای میل کے آخر میں بھیجنے والے کا نام اور پتہ وغیرہ لکھا جاتا ہے۔

10:inbox،Sent،Trash اور Spam کا مقصد لکھیں۔

جواب:

انباکس inbox: ان باکس ہمارے ای میل میں وہ فولڈر ہوتا ہے جہاں پر آنے والے ای میل پیغامات پڑے ہوتے ہیں-

Sent: اس میں بھیجے گئے پیغامات پڑے رہتے ہیں۔

ٹریشTrash: اس فولڈر کو Bin بھی کہتے ہیں۔ جب ہم کسی ای میل کو ڈیلیٹ کرتے ہیں تو وہ ٹریش میں چلا جاتا ہے جہاں سے ہم اسے واپس بھی لا سکتے ہیں، اور یا وہ کچھ عرصہ بعد خود بخود مکمل طور پر ختم ہو جاتا ہے۔

Spam: یہاں پر ناپسندیدہ اور مشکوک ای میل پیغامات پڑے ہوتے ہیں۔

مختصر جواب دیں۔

1۔ ہمیں مسئلے کے پس منظر کو سمجھنے کی ضرورت کیوں ہے؟

جواب: مسئلے کی پس منظر کو سمجھنا اس لئے ضروری ہے تاکہ مسئلے کی اصل وجوہات معلوم ہو سکے اور پھر اس کے مطابق مناسب حل تجویز کیا جا سکے۔

2۔ مسئلے کی شناخت کیسے کریں۔

جواب: مسئلے کی درست انداز میں شناخت کے لیے اس مسئلے کا تجزیہ ضروری ہے۔ تجزیہ کرنے کے بعد مسئلے میں درکار ان پٹ اور اوٹ پٹ کا پتہ چل جاتا ہے۔

3۔ اگر شناخت شدہ مسئلہ اتنا بڑا ہے کہ ایک ساتھ حل نہیں کیا جا سکتا تو کون سا طریقہ کار آپ کو اس مسئلے کو بہتر طریقے سے حل کرنے میں مدد کر سکتا ہے؟

جواب: اگر مسئلہ بڑا ہو اور ایک ساتھ حل نہ ہو سکتا ہو تو ہم اس مسئلے کو چھوٹے چھوٹے مسائل میں تقسیم کریں گے اور پھر ہر ایک کو الگ الگ حل کریں گے۔

4۔ کیا ہمارے پاس فلو چارٹس میں ایک سے زیادہ فیصلے کی علامات ہو سکتی ہے؟ مختصر وضاحت کریں۔

جی ہاں۔ فلو چارٹ میں ایک سے زیادہ فیصلے کی علامات ہو سکتی ہے کیونکہ بعض صورت حال میں ایک فیصلے کے لئے ایک سے زیادہ شرط کو دیکھنا پڑتا ہے۔

5۔ فلو چارٹ اور الگورتھم کے درمیان فرق بیان کریں

جواب: کسی بھی مسئلے کے حل کو جملوں کی صورت میں بالترتیب لکھنے کو الگورتھم کہتے ہیں جبکہ اس کو اشکال اور علامات کی صورت میں ظاہر کرنے کو فلو چارٹ کہا جاتا ہے۔

6۔ دو نمبروں کو جمع کرنے کے لئے الگورتھم لکھیں۔

جواب: دو نمبروں کو جمع کرنے کا الگورتھم:

i. پہلا نمبر ان پٹ کریں۔

ii. دوسرا نمبر ان پٹ کریں۔

iii. دونوں کو جمع کریں۔

iv. حاصل جمع آوٹ پٹ کریں۔

سرگرمی:2۔ حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر پاس اور فیل ریمارکس کے لیے فلو چارٹ بنائیں۔



مختصر جواب دیں۔

1۔ کمپیوٹر پر معلومات کیسے محفوظ کی جاتی ہے؟

جواب: کمپیوٹر پر تمام قسم کے معلومات جیسا کہ تصاویر، ویڈیو اور باقی تمام فائلز 0 اور 1 کی صورت میں محفوظ کی جاتی ہے۔

2۔ درج ذیل اعشاری Decimal نمبرز کو ثنائی Binary نمبرز میں تبدیل کریں۔

جواب:









3۔ درج ذیل ثنائی Binary نمبرز کو اعشاری Decimal میں تبدیل کریں۔

$(1001)_2$

$(1x2^3)+ (1x2^2)+ (1x2^1)+ (1x2^0)$

= 8 + 4 + 2 + 1

= 15

$(1100)_2$

$(1x2^3)+ (1x2^2)+ (0x2^1)+ (0x2^0)$

= 8 + 4 + 0 + 0

= 12

$(1000)_2$

$(1x2^3)+ (0x2^2)+ (0x2^1)+ (0x2^0)$

= 8 + 0 + 0 + 0

= 8

$(1010)_2$

$(1x2^3)+ (0x2^2)+ (1x2^1)+ (0x2^0)$

= 8 + 0 + 2 + 0

= 10

5 ۔ repeat اور forever کنٹرول کے کمانڈز میں فرق بیان کریں۔

جواب Repeat : کسی بھی کام کو خاص مرتبہ دہرانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

Forever کسی بھی کام کو ہمیشہ کے لئے کرتا رہتا ہے جب تک ہم خود اسے بند نہ کرے۔

مختصر جواب دیں۔

سوال 3۔سائبر کرائم کی تعریف کریں۔اور مختلف آن لائن سائبر کرائم کو نام دیں۔

جواب: کمپیوٹر موبائل اور انٹرنیٹ کے ذریعے کی جانے والی جرم کو سائبر کرائم کہا جاتا ہے۔اس میں ہیکنگ، آن لائن فراڈ اور ڈیٹا چوری کرنا شامل ہیں۔

سوال 5۔سوشل میڈیا کے فوائد پر بحث کریں۔

جواب: سوشل میڈیا کے استعمال کے کچھ اہم پہلو یہ ہیں:

اس کے ذریعے ہم دور دراز دوستوں اور رشتہ داروں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔اپنے خیالات کو دوسرے لوگوں تک پہنچا سکتے ہیں۔ خرید و فروخت اور تعلیم کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے۔